## گرامر برائے صفحہ 3b یکساں حروف والے افعال: ظَنَّ

اب ہم ایسے فعل کو سیکھتے ہیں جس کے مادے میں دو حروف یکساں ہیں: ظَنَّ۔ اس کے صیغے بنانا بہت آسان ہے۔

- جہاں کہنے میں مشکل ہو، وہاں حروف کو کھول دینا ہے جیسے ظَنَّتَ (سکون والی تشدید کے ساتھ) کے بجائے ظَنَنْتَ (اس لیے کہ عربی میں ایک ساتھ دو سکون نہیں آتے)۔ یاد رکھیے کہ اس فعل کے صیغے نَصَرَ يَنْصُرُ کی طرح یعنی ظَنَّ يَظُنُّ بنیں گے۔
- امر کی چابی: يَظُنُّ کا یاء گرائیے اور آخری تشدید پر سے پیش نکالیے تو رہ جاتا ہے ظُنّ۔ آخر میں زبر کو لگانا پڑے گا چونکہ صرف تشدید عربی میں نہیں پڑھی جاتی۔ اس لیے یہ ہو گا: ظُنَّ

69 ظَنَّ: اس نے گمان کیا

(خانوں کے الفاظ میں 3 افعال کی چابیاں ہیں اور 3 اسماء کی چابیاں)

| فعل ماضِ | | فعل مضارع | | فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام | |
|---|---|---|---|---|---|
| ظَنَّ | اس نے گمان کیا | يَظُنُّ | وہ گمان کرتا ہے | ظُنَّ | گمان کر! |
| ظَنُّوْا | ان سب نے گمان کیا | يَظُنُّوْنَ | وہ سب گمان کرتے ہیں | ظُنُّوْا | گمان کرو! |
| ظَنَنْتَ | آپ نے گمان کیا | تَظُنُّ | آپ گمان کرتے ہیں | لَا تَظُنَّ | مت گمان کر! |
| ظَنَنْتُ | میں نے گمان کیا | أَظُنُّ | میں گمان کرتا ہوں | لَا تَظُنُّوْا | مت گمان کرو! |
| ظَنَنْتُمْ | آپ سب نے گمان کیا | تَظُنُّوْنَ | آپ سب گمان کرتے ہیں | ظَانٌّ | گمان کرنے والا |
| ظَنَنَّا | ہم سب نے گمان کیا | نَظُنُّ | ہم سب گمان کرتے ہیں | مَظْنُوْن | جس کا گمان کیا جائے |
| ظَنَّتْ | اس عورت نے گمان کیا | تَظُنُّ | وہ عورت گمان کرتی ہے | ظَنّ | گمان کرنا |

## عربی بول چال

| | |
|---|---|
| هَلْ ظَنَّ خَيْرًا؟ | نَعَمْ، ظَنَّ خَيْرًا. |
| هَلْ ظَنُّوْا خَيْرًا؟ | نَعَمْ، ظَنُّوْا خَيْرًا. |
| هَلْ ظَنَنْتَ خَيْرًا؟ | نَعَمْ، ظَنَنْتُ خَيْرًا. |
| هَلْ ظَنَنْتُمْ خَيْرًا؟ | نَعَمْ، ظَنَنَّا خَيْرًا. |

کلاس کے بعد آپس میں سوالات وجوابات کیجیے:

- فعل مضارع: هَلْ تَظُنُّوْنَ خَيْرًا؟ نَعَمْ، نَظُنُّ خَيْرًا.
- فعل أمر: ظُنُّوْا خَيْرًا! سَوْفَ نَظُنُّ خَيْرًا.

ظَنَّ ہی کی طرح رَدَّ (اس نے واپس کیا) کا پورا ٹیبل بنایا جا سکتا ہے۔ اسی طرح کچھ اور افعال بھی اسی اسٹائل پر آتے ہیں۔